NYC Children

# خوش آمدید

# Nicholas Scoppetta Children's Center


## 492 1st Avenue
## New York, NY
## 646-935-1411

چلڈرنز سنٹر کے اعمال

David Hansell کمشنر

Winette Saunders نائب کمشنر

Rebecca Chew, Esq ایسوسی ایٹ کمشنر



## چلڈرنز سنٹر میں خوش آمدید

چلڈرنز سنٹر فوسٹر کیئر میں داخل ہونے والے بچوں کے لیے ایک محفوظ جگہ ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ آپ کے لیے ایک مشکل وقت ہو سکتا ہے۔ ہم آپ کا تعاون کرنے کے لیے موجود ہیں۔

## چلڈرنز سنٹر پر آپ کے پہنچنے پر کیا ہوتا ہے؟

**انٹیک کا عملہ** فوسٹر کیئر میں آپ کے داخل ہونے کی وجہ(وجوہات) جاننے کے لیے آپ کے چائلڈ پروٹیکٹو اسپیشلسٹ (Child Protective Specialist, CPS)، پولیس یا فوسٹر کیئر ایجنسی پلانر سے معلومات اکٹھی کرے گا۔

ایک **انگیجمنٹ اسپیشلٹ** چلڈرنز سنٹر پر آپ کے پہنچنے پر آپ کی ضروریات میں مدد کے لیے آپ کا خیر مقدم کرے گا۔

آپ کی صحت کو چیک کرنے کے لیے ایک **نرس** سے آپ کی ملاقات ہوگی۔ چلڈرنز سنٹر پر آپ کی مدد کرنے کے لیے روزانہ 24 گھنٹے/ہفتے کے 7 دن نرسیں موجود ہیں۔

آپ کو جس قسم کی نگہداشت درکار ہے اس کا تعین کرنے کے لیے **چائلڈ اینڈ فیملی اسپیشلسٹ / سوشل ورکر** کے ذریعے آپ کا انٹرویو کیا جائے گا۔ آپ کو سیف ہورائزن کاؤنسلر، مینٹل ہیلتھ ٹیم، سبسٹانس ابیوز کاؤنسلر (Substance Abuse Counselor, CASAC) یا ایجوکیشنل اسپیشلسٹ (ES) کے پاس بھیجا جائے گا؛ اور اضافی مدد کے لیے **یوتھ ایڈووکیٹ** سے مربوط کیا جائے گا۔

آپ کی عمر اور صنفی شناخت (نرسری، قبل از نوعمری والے لڑکے/لڑکیاں، نوعمر لڑکے/لڑکیاں) کی بنیاد پر آپ کو ایک غول میں تفویض کیا جائے گا۔ غول گروپ سلیپنگ کوارٹرز ہوتے ہیں۔ **نگہداشت صحت کا عملہ** آپ کا تعاون کرنے اور کسی سوال کا جواب دینے کے لیے 24/7 دستیاب ہے۔

## میں یہاں سے کہاں جاؤں گا؟

آفس آف پلیسمنٹ ایڈمنسٹریشن (OPA) آپ کی منفرد ضروریات سے مطابقت رکھنے کے لیے پلیسمنٹ تلاش کرنے کا کام کرے گا بایں طور کہ:

- آپ کو ہماری قرابتی خدمات کی معرفت ایک فیملی سے مربوط کرے گا۔ آپ جس فیملی یا دوستوں، جیسے دادی، آنٹی، انکل، یا کزن کے پاس رہ پائیں گے ان کے بارے میں ہمیں بتا کر آپ مدد کر سکتے ہیں۔
- ہم مختلف ایجنسیوں سے رابطہ کر کے پتہ کریں گے کہ آیا ان کے پروگراموں سے آپ کی ضرورتیں پوری ہوتی ہیں۔
- آپ کو اپنے لیے زیر غور لائے جانے والے پلیسمنٹ کے ماحول کے بارے میں سوالات پوچھنے اور جاننے کا موقع ملے گا۔

**نقل و حمل۔** آپ کو اسکول، عدالت اور ڈاکٹر کی اپائنٹمنٹس میں لے جانے کے لیے بسیں اور وین موجود ہیں۔ آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے عملہ ساتھ جائے گا۔




ہماری کمیونٹی کا شجرہ

**پروگرامنگ۔** عمر کے متناسب تفریحی اور تعلیمی سرگرمیاں، بہبود کے پروگرام، نیز بہت ساری آف سائٹ ٹرپس موجود ہیں۔ اہل نوعمروں کو چلڈرنز سنٹر سے باہر سیر کے لیے کمیونٹی پاس حاصل کرنے کا موقع ہو سکتا ہے۔

**کھانے۔** چلڈرنز سنٹر میں موجود بہبود پالیسی یقینی بناتی ہے کہ آپ کو صحت بخش غذا، نیز پورے دن جسمانی لحاظ سے فعال رہنے کے مواقع پیش کیے جائیں گے اور آپ کو ان تک رسائی حاصل ہوگی۔ بہبود پالیسی کی نقول درخواست کرنے پر دستیاب ہیں۔

**فیملی اور سگے بھائی بہنوں سے ملاقاتیں۔** آپ اپنے بھائیوں اور/یا بہنوں کے ساتھ وقت گزاریں گے۔ آپ کی فیملی، وکیل یا سوشل ورکر کے ساتھ ملاقاتیں یہاں ٹیلیفون پر، بذریعہ ویڈیو چیٹ یا چلڈرنز سنٹر سے الگ کسی مقام پر ہو سکتی ہیں۔

**حفاظت۔** ہم چاہتے ہیں کہ آپ محفوظ ہوں! آپ کے تحفظ یافتہ ہونے کو یقینی بنانے کے لیے سائٹ پر ACS کے پیس آفیسرز موجود ہیں۔

## پلیسمنٹ کا انتظار کرنے کے دوران آپ کیا کر سکتے ہیں؟

- چلڈرنز سنٹر کے پروگرام کے اصولوں پر عمل کریں۔
- حوصلہ رکھیں۔ ہم آپ کے لیے پلیسمنٹ تلاش کرنے کا کام کر رہے ہیں۔
- کبھی بھی کسی بالغ فرد سے سوالات پوچھیں یا تعاون طلب کریں۔

چلڈرنز سنٹر میں رہتے ہوئے آپ اور آپ کی امدادی ٹیم دونوں ہی سے ایک دوسرے کے لیے REACH کی توقع کی جاتی ہے:

**R – احترام**
**E – ہمدردی/حوصلہ افزائی**
**A – عظمت کی تمنا**
**C – مواصلت**
**H – امید**

### قابل عمل اصول اور رہنما خطوط یوں ہیں:

1. ذاتی جگہ کا احترام کریں
2. ذاتی حفظان صحت برقرار رکھیں
3. ہدایات پر عمل کریں
4. عملہ اور دیگر مکینوں کا احترام کریں

**صفر برداشت کا حلقہ**

**لڑائی جھگڑا منع ہے**

**املاک کو برباد نہیں کرنا ہے**

**چوری نہیں کرنی ہے**

**دھونس نہیں جمانا ہے**

**عملہ اور/یا دیگر مکینوں کے ساتھ دست درازی نہیں کرنی ہے**

**ممنوعہ اشیاء (جیسے منشیات، اسلحے، گروہ سے ملحق پوشاک) نہیں رکھنی ہیں**

# بچے کا اٹارنی

## بچے کا اٹارنی (Attorney for the Child, AFC) کون ہے؟

- (AFC) خاص تعلیم اور اسناد کا حامل ایک مخصوص وکیل ہوتا ہے جو عدالت میں آپ کی نمائندگی کرتا ہے۔
- انہیں ریاست معاوضے پر رکھتی ہے اور وہ آپ کے سوا کسی کے لیے کام نہیں کرتے ہیں۔
- آپ کی خواہشات کو بغور سننے کے بعد آپ کی جانب سے بات کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔

## AFC کب تفویض کیا جاتا ہے؟

- والدین یا سرپرست کو بدسلوکی اور/یا بے توجہی کا ملزم بنایا جاتا ہے۔
- والدین یا سرپرست تولیت یا ملاقات کے حق کے خواہاں ہوتے ہیں۔
- والدین/سرپرست آپ کو فوسٹر کیئر میں رکھوا دیتے ہیں۔
- نابالغان مشکل میں ہوتے ہیں یا انہیں اضافی نگرانی درکار ہوتی ہے۔

## AFC کی ذمہ داریوں کا خلاصہ

- عدالت کی جانب سے آپ کے کیس کے لیے تفویض کیے جانے کے ساتھ ہی آپ کی نمائندگی کرنا شروع کرتا ہے۔
- عدالتی سماعت سے قبل آپ سے ملتا ہے۔
- عدالت کی تمام قانونی کارروائیوں میں آپ کی نمائندگی کرتا ہے اور آپ کی جانب سے سرگرمی کے ساتھ شرکت کرتا ہے۔
- باقاعدگی سے آپ سے ملتا رہتا ہے اور مواصلت برقرار رکھتا ہے۔
- آپ کے کاغذی کام اور سرگزشت کا جائزہ لیتا ہے اور آپ کے ساتھ شامل لوگوں سے بات کرتا ہے۔
- آپ کے لیے تمام اختیارات پر غور کرتا ہے اور آپ کے سامنے ان کی وضاحت کرتا ہے۔
- آپ کے لیے دستیاب رہتا ہے۔

# اکثر پوچھے گئے سوالات

### مجھے کس چیز کی توقع رکھنی چاہیے؟

اپنے AFC سے اپنا کام کرنے کی توقع رکھیں۔ وہ آپ کو اور آپ کی زندگی کے بارے میں تھوڑا بہت جاننے کی کوشش کریں گے تاکہ بہترین فیصلے کرنے میں وہ آپ کی مدد کر سکیں۔

### AFC مجھ سے کیا توقع رکھتا ہے؟

وہ آپ سے کشادہ ذہن ہونے اور ایمانداری برتنے کی نیز آپ کی مدد کے لیے وہ اپنی مدد کرنے پر آپ کے آمادہ ہونے کی توقع رکھیں گے۔

### ہم جس چیز کے بارے میں بات کرتے ہیں کیا اس بارے میں میرا AFC کسی کو بتائے گا؟

آپ کے AFC سے کہی ہوئی آپ کی ہر بات خفیہ ہونی چاہیے، الّا یہ کہ آپ فی الحال خود کو یا دوسروں کو نقصان پہنچا رہے ہوں، خود کو یا دوسروں کو نقصان پہنچانے کا ارادہ رکھتے ہوں، یا کوئی اور آپ کو یا دوسروں کو نقصان پہنچا رہا ہو۔

### کیا میرا AFC منصوبہ خدمت کے جائزوں میں آ سکتا ہے؟

آپ کے AFC کو ان میں لازماً مدعو کیا جائے۔

# اکثر پوچھے گئے سوالات

**کیا میں عدالت جا سکتا ہوں؟**
اس بارے میں اپنے AFC سے بات کریں کہ آیا آپ کو جانا چاہیے اور کن حالات کے تحت آپ جا سکتے ہیں۔

**اگر میں JD/PINS نوجوان ہوں تو کیا ہوگا؟**
آپ کا AFC آپ کا دفاعی اٹارنی ہے۔

**اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ کے حقوق کا احترام نہیں کیا جا رہا ہے تو کیا کرنا ہے؟**
چلڈرنز سنٹر کے نگہداشت طفل کے عملہ یا چائلڈ اینڈ فیملی اسپیشلسٹ (Child and Family Specialist, CFS) کو بتائیں۔

# عمومی اصطلاحات کی فرہنگ

**ایڈووکیٹ:** وہ فرد جو کسی فرد یا وجہ کی تائید یا دفاع کے لیے بولتا یا لکھتا ہے۔

**فوجداری عدالت:** وہ عدالت جو فوجداری معاملات کو نمٹاتی ہے، جو غیر قانونی اعمال پر مشتمل ہوتے ہیں۔

**سرپرستی:** قانونی طور پر کسی کا ذمہ دار ہونے کی پوزیشن۔

**فیملی کورٹ:** وہ عدالت جو فیملی، نوعمر فرد اور بچوں کے مسائل نمٹاتی ہے۔

**رضاعی نگہداشت:** اس دوران رہنے کے لیے ایک جگہ جب نوعمر فرد اور ان کی فیملی انہیں درکار نگہداشت اور تعاون حاصل کریں۔ اس کا مقصد اس وقت محفوظ گھر فراہم کرنا اور بہبود کو برقرار رکھنا ہے جب والدین یہ کام نہیں کر سکتے ہوں۔

**JD (Juvenile Delinquent):** 7-18 سال کی درمیانی عمر کا وہ نوجوان جو جرم کا ارتکاب کرتا ہے۔ انہیں فوسٹر کیئر میں رکھوایا جا سکتا ہے۔

**ٹرائل ڈسچارج:** وہ مدت (کم از کم 6 ماہ) جب فوسٹر کیئر میں موجود نوجوان ڈسچارج سے قبل اپنے طور پر، یا والدین، رشتہ دار، یا دیگر بالغ فرد کے دوام کے وسیلے کے ساتھ رہتا ہے۔

**ملاقات بندی کا منصوبہ:** فوسٹر کیئر میں موجود نوجوان کے لیے اپنی فیملیز سے ملنے کا منصوبہ، جس میں یہ شامل ہے کہ کتنی بار، کتنی دیر تک اور کہاں پر ملنا ہے اور آیا ملاقات زیر نگرانی ہونی چاہیے۔

NEW YORK STATE | Office of Children and Family Services | Youth Advisory Board
A voice to help create positive changes in Foster Care

# حقوق کا بل

## 1. ایک محفوظ اور صحت بخش گھر میں رہنے کا حق

آپ کو ایک محفوظ اور صحت بخش گھر میں رہنے اور والدین، رضاعی نگراں، گروپ ہوم کے عملہ، یا آپ کے کیس کے سرپرستوں کے ذریعہ استحصال نہیں کیے جانے کا حق ہے۔ آپ کو ایسے کھانے اور کپڑے کا حق ہے جو صحت بخش اور مناسب ہو۔

## 2. منصفانہ طور پر اور احترام کے ساتھ برتاؤ کیے جانے کا حق

آپ کو منصفانہ طور پر برتاؤ کیے جانے اور آپ کی صنف، نسل، مذہب، جنسی رجحان، یا ذہنی یا جسمانی صحت کی وجہ سے آپ کے خلاف امتیازی سلوک نہیں کیے جانے کا حق ہے۔ آپ کے ساتھ محض اس وجہ سے غیر منصفانہ برتاؤ نہیں کیا جا سکتا کہ آپ فوسٹر کیئر میں ہیں!

## 3. اپنے والدین سے ملنے اور اپنے بچوں کے ساتھ رہنے کا حق

آپ کو فیملی ممبرز، سگے بھائی بہنوں، والدین اور دادا دادی سے ملنے کا حق ہے کیونکہ عدالت اسے مناسب قیاس کرتی ہے۔ جب بھی ممکن ہو آپ کو خود اپنے بچوں سے ملنے اور ان کے ساتھ رہنےکا حق ہے، نیز خود اپنے بچوں کے لیے انتخابات کرنے کا حق ہے کیونکہ عدالت اسے مناسب قیاس کرتی ہے۔

## 4. سگے بھائی بہنوں کے ساتھ رہنے یا ان سے ملنے کا حق

اگر ممکن ہو تو آپ کو اپنے سگے بھائی بہنوں کے ساتھ رہنے کا حق ہے اور اگر ممکن نہ ہو تو، آپ کو مناسب قیاس کیے جانے پر، اور اگر کوئی رکاوٹ اس میں مانع نہ ہو تو ان سے ملنے کا حق ہے۔

## 5. اپنی کاؤنٹی کے کارکنان کے لیے رابطے کی معلومات کو جاننے کا حق

آپ کو اپنے اٹارنی، کیس ورکر، اور کیس ورکر کے سپروائزرز کو جاننے کا حق ہے۔ آپ کو ماہ میں کم از کم ایک بار اپنے کیس ورکر سے ملنے کا حق، اور اپنے کیس ورکر، اٹارنی، اور/یا کیس وررکر کے سپروائزر سے تخلیہ میں ملنے کا حق ہے۔ آپ کو اپنی نجی معلومات خفیہ رکھے جانے اور صرف انہی لوگوں کو دیے جانے کا حق ہے جو اسے دیکھنے کا قانونی حق رکھتے ہیں۔

## 6. ظلم اور غیر ضروری سزا سے آزاد رہنے کا حق ہے

آپ کو ظلم اور غیر ضروری سزا سے آزاد رہنے کا حق ہے، جس میں جسمانی طور پر پٹائی ہونا، دھونس جمانا، یا دوسروں سے الگ تھلگ کر دینا بلا تحدید شامل ہیں۔ کوئی بھی آپ کو کھانا، پانی یا سونے سے منع نہیں کر سکتا ہے۔ کوئی بھی آپ کو سزا کی ایک شکل کے بطور آپ کی فیملی سے ملنے سے منع نہیں کر سکتا ہے۔ بلا وجہ یونہی آپ کی سرزنش نہیں کی جا سکتی ہے، اور آپ کو یہ جاننا ضروری ہے کہ آپ کی سرزنش کیوں کی جا رہی ہے۔

### 7. اپنے دوام کے اہداف میں اپنی بات رکھنے کا حق

آپ کو اپنے مستقبل کے بارے میں بولنے اور عدالت سے اپنی خواہشات پر غور کروانے کا حق ہے۔ آپ کی عمر کے لحاظ سے، آپ کو اپنے دوام کی سماعت میں شرکت کرنے کا حق ہو سکتا ہے۔ آپ کو نگہداشت سے نکلنے کے بعد اپنے کیس ورکر سے مسلسل رابطہ رکھنے کا حق ہے۔

### 8. طبی، دندانی، بصارتی، ذہنی اور رویہ جاتی صحت خدمات باقاعدگی سے موصول کرنے کا حق

آپ کو دندانی، بصارتی، ذہنی اور رویہ جاتی صحت کے مدنظر مستقل بنیاد پر طبی توجہ موصول کرنے کا حق ہے۔ آپ کو صحت مند اور محفوظ جنسی طرز عمل کے بارے میں معلومات نیز تولیدی صحت کی معلومات کا حق ہے۔ آپ کو 18 سال کی عمر کے بعد، اپنی سند ولادت، سوشل سیکیورٹی کارڈ، طبی ریکارڈ اور ریاست سے جاری شدہ شناخت موصول کرنے کا حق ہے۔

### 9. آپ کو HSE ڈپلوما یا ہائی اسکول ڈپلوما ملنے تک تعلیم کا حق ہے

آپ کو ہائی اسکول ڈپلوما یا HSE ڈپلوما موصول ہونے تک مفت اور مناسب تعلیم موصول کرنے کا حق ہے۔ آپ کو ان کالجوں اور حرفتی پروگراموں کے لیے جو ریاست سے باہر ہیں درخواست دینے میں اعانت طلب کرنے کا بھی حق ہے۔

### 10. جو سرگرمیاں عمر کے متناسب ہیں ان میں شرکت کرنے کا حق

آپ کو ان سرگرمیوں میں شرکت کرنے کا جو عمر کے متناسب ہیں، جیسے اسکول کے بعد کی سرگرمیوں، موسم گرما کی سرگرمیوں اور عملی تجربہ، اور اگر آپ کا کوئی مذہب ہو تو اس پر عمل کرنے کا حق ہے۔ آپ کی عمر 16 سال ہو جانے پر، آپ کو اپنے ڈرائیونگ لائسنس کے لیے درخواست دینے اور نوکری کے حصول میں رہنمائی موصول کرنے کا حق ہے۔

---

## اگر آپ کو محسوس ہوتا ہے کہ آپ کے
## حقوق کا احترام نہیں کیا جا رہا ہے تو کیا کرنا ہے؟

جو بھی آپ کے حقوق کی بے ادبی کر رہا ہو اس کی رپورٹ کرنے کا آپ کو حق ہے، اور ان کی رپورٹ کرنے پر آپ کو سزا نہیں دی جا سکتی ہے۔

- چلڈرنز سنٹر کے نگہداشت طفل کے عملہ یا چائلڈ اینڈ فیملی اسپیشلسٹ (CFS) کو بتائیں۔
- اپنے کیس ورکر یا ان کے سپروائزر کو بتائیں۔ آپ ان سے تخلیہ میں بات کرنے کی گزارش کر سکتے ہیں۔
- اپنے اٹارنی کو بتائیں۔ آپ نے جو گفتگو کی ہے اس بارے میں وہ کسی کو نہیں بتا سکتے ہیں، الّا یہ کہ آپ اجازت دیں یا آپ کی حفاظت کو خطرہ لاحق ہو۔

## چلڈرنز سنٹر کا مقصد، مشن، ویژن اور اقدار

**مقصد:**

ہمارا ماننا ہے کہ ہماری نگہداشت میں موجود ہر بچہ حفاظت، خوشی، صحت اور محبت کا مستحق ہے، چاہے ان کا قیام جتنا بھی طویل یا مختصر ہو۔

**مشن کا بیان:**

عارضی اقامتی ماحول فراہم کرنا جو غیر فیصلہ کن، معاون، دیکھ بھال کرنے والا اور منظم ہو جو گزشتہ اور آئندہ صدمات کو مندمل کرنے کی جدوجہد کرتا ہو۔

**ویژن:**

بچوں اور نوجوانوں کو چلڈرنز سنٹر میں ان کے قیام کے بعد پلیسمنٹ میں منتقل ہونے یا دوام حاصل کرنے کے لیے تیار کیا جائے گا۔

**وہ اقدار جنہیں ہم اپنے نوجوانوں کی نگہداشت کرنے میں باقی رکھتے ہیں:**

1. قبولیت
2. حوصلہ
3. احترام
4. مساوات
5. بالیدگی، تعلیم اور نشوونما
6. عزت نفس کو فروغ دینا
7. شناخت ذات کو برقرار رکھنا
8. قوت برداشت

**وہ اقدار جنہیں ہم اپنے کام میں باقی رکھتے ہیں:**

1. اجتماعی کام
2. جوابدہی
3. پیشہ ورانہ ترقی
4. مواصلت کی کھلی لائنیں
5. ہمدردی اور سمجھ بوجھ

میرا نام:

میرا کیس پلانر:

میرا وکیل:

میرا CFS:

نوٹس:

ڈیزائن بذریعہ *Laura Postiglione*